Question Paper Serial No. 101

# A

**CCE RF**
**CCE RR**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 38 ]
Total No. of Questions : 38 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**

**Code No. : 85-U**

ವಿಷಯ : **ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ**

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

**(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Fresh & Regular Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 06. 04. 2022 ] [ Date : 06. 04. 2022
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 1-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس سوالنامہ کو کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹئے

یہاں سے کاٹئے

Tear here

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 38 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سر بمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. سوالات کے لئے بائیں ہاتھ کی جانب حاشئے میں مکمل مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**I.** مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ **8 × 1 = 8**

1. ہندوستان اور یوروپ کے درمیان بحری راستہ دریافت کرنے والا

(A) کولمبس

(B) واسکوڈی گاما

(C) آلمیڈا

(D) البوقرق

2. علی برادران نے اِس تحریک کو جاری کیا

(A) تحریک عدمِ تعاون

(B) خلافت

(C) سول نافرمانی

(D) بھارت چھوڑ دو

3. دنیا کے دو طاقتور بلاک میں شامل نہ ہونے والی حفاظتی پالیسی کو کہا جاتا ہے۔

(A) ناوابستہ تحریک

(B) نسلی امتیازی

(C) نوآبادیت کی مخالفت

(D) تخفیفِ اسلحہ

4. اِن میں سے بغیر اجرت مزدوری کی ایک بہترین مثال ہے۔

(A) نرس ( Nurse )

(B) استاد

(C) گھریلو عورت

(D) پولیس

5. ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نے اِس اخبار کو جاری کیا

(A) کیسری

(B) مو یک نائک

(C) مرہٹہ

(D) بمبئی سماچار

6. ناگرجن ساگر جنگلی جانوروں کی پناہ گاہ اِس ریاست میں ہے۔

(A) کرناٹک (B) کیرلا

(C) اُتر پردیش (D) تیلنگانہ

7. دستور کی اِس ترمیم کے مطابق ہندوستان میں تین طرح کے پنچایت ادارے عمل میں آئے۔

(A) 24 ویں (B) 42 ویں

(C) 73 ویں (D) 92 ویں

8. اِس طرح کے بینک کے کھاتہ میں رقم ایک دن میں جتنی بار چاہیں جمع کر سکتے ہیں اور نکال سکتے ہیں۔

(A) بچت کھاتہ

(B) چالتی یا چالو کھاتہ

(C) مکرر ڈپازٹ کھاتہ

(D) مقررہ ڈپازٹ کھاتہ

8 × 1 = 8

**II.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے :

9. ویلزلی نے استعفیٰ دے کر اپنے وطن (انگلینڈ) واپس کیوں لوٹ گیا ؟

10. ہندوستان کے پہلے صدر کون تھے ؟

11. انسانی حقوق کا دن ہر سال کب منایا جاتا ہے ؟

12. عوامی بھیڑ سے کیا مُراد ہے ؟

13. مشرقی گھاٹیاں اور مغربی گھاٹیاں کہاں ملتے ہیں ؟

14. کس طرح کے جنگلات ندی کے ڈیلٹاؤں میں پائے جاتے ہیں ؟

15. قومی آمدنی کسے کہتے ہیں ؟

16. وپروٹکنالوجی کے بانی ( Founder ) کون ہیں ؟

**III.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا چار جملوں میں لکھئے : **8 × 2 = 16**

17. بکسر کی جنگ کے نتائج کون کونسے ہیں ؟

18. عہد معاونت کے اُصول کونسے ہیں ؟

19. پنچ شیل کے اُصول کون کونسے ہیں ؟

یا

انسانی حقوق کو عام کرنے کے لئے ہندوستان کی کوششیں بیان کیجئے۔

20. غیر منظم مزدوروں کے مسائل کی فہرست لکھئے۔

یا

ماحولی تحریک کے کوئی چار نام لکھئے۔

21. ہندوستان کے اہم موسم ( آب وہوا) کون کونسے ہیں ؟

22. مٹی کے کٹاؤ کے وجوہات (اسباب) کون کونسے ہیں ؟

23. رہائشی (مکانات) پروگرام (منصوبے) کونسے ہیں ؟ لکھئے۔

24. صارفین کے تحفظ کا قانون کے مقاصد کیا ہیں ؟

**IV.** مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات چھ جملوں میں لکھئے : **9 × 3 = 27**

25. انگریزی تعلیمی نظام سے ہندوستانیوں پر کیا اثرات ہوئے ؟

26. آریہ سماج کے مقاصد کونسے ہیں ؟

یا

ہندوستان کو آزادی کے وقت کن کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ؟

27. ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی کی ناکامی کے اسباب بیان کیجئے۔

28. ہندوستان اور روس کے درمیانی تعلقات کو بیان کیجئے۔

29. ہندوستان میں چھوت چھات کے خاتمہ کے لئے اُٹھائے گئے اقدامات لکھیں ؟

30. صنعتوں کی مقامیت پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کیجئے۔

یا

سائیکلون کے اثرات کی فہرست لکھئے۔

31. نقل وحمل کی اہمیت کیا ہے ؟ بیان کیجئے۔

32. ہندوستان میں موجود جنسی تفریقات کے نکات کی وضاحت کیجئے۔

یا

ہندوستانی عمل ( جاری ) میں لائے گئے پنچایت راج نظام کے خصوصیات بیان کیجئے۔

33. بینک کے کام وکاج کون کونسے ہیں ؟

یا

معاشی ترقی میں صنعت کار کے کردار کون کونسے ہیں ؟

**V.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات آٹھ جملوں میں لکھئے : **4 × 4 = 16**

34. انگریزوں کے خلاف ڈونڈیا واگھ نے کس طرح بغاوت کی ؟

یا

ہندوستان کی آزادی کی تحریک میں انتہا پسندوں کا کردار بیان کیجئے ۔

35. آزادی کی جدوجہد میں سبھاش چندر بوس کا کردار کیا تھا ؟

36. عورتوں کے مقام کو بہتر بنانے کے لئے حکومت ہند نے کون کونسے اقدامات اُٹھائے ہیں ؟

37. ہندوستان میں عمل میں لائے جانے والی زراعت کی قسموں کی فہرست لکھئے ۔

**VI.** 38. ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : **1 + 4 = 5**

a) $23\frac{1}{2}^{\circ}$ شمالی عرض البلد

b) بھاکرا ننگل

c) دریائے کاویری

d) ممبئی

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 38 کی جگہ)**

ہمہ مقصدی دریائی منصوبہ کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟ 5